فوری ریلیز کے لیے: 2/11/2022 گورنر KATHY HOCHUL

# گورنر HOCHUL نے ٹرائے میں 6.6$ ملین کی لاگت کے کمیونٹی سینٹر میں توسیع کے اختراعی کام کا اعلان کیا ہے

## کمیونٹی وسیلہ جاتی سینٹر کا پُل ابتدائی بچپن کی تعلیم، بزرگ اور نوجوانوں کی پروگرامنگ، اور غذا و تندرستی میں معاونت پیش کرے گا

گورنر Kathy Hochul نے آج ٹرائے میں معاشی موقع کے کمیونٹی وسیلہ جاتی سینٹر کے کمیشن میں 6.6$ ملین کی لاگت کے توسیعی تعمیری کام کے آغاز کا اعلان کیا ہے۔ کمیونٹی وسیلہ جاتی سینٹر کا پُل ابتدائی بچپن کی تعلیم، نوجوانوں اور بزرگوں کی پروگرامنگ، اور غذا و تندرستی کی خدمات پیش کرے گا۔

"نیویارک کا ہر رہائشی کامیابی کے حصول کے لیے درکار وسائل تک رسائی کا حق رکھتا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "کمیونٹی سینٹرز ابتدائی بچپن کی تعلیم، سکول کے بعد کی پروگرامنگ، اور ایسی سرگرمیوں جیسی خدمات کی فراہمی کے لیے ناگزیر ہیں جو بزرگ افراد کو مشغول اور صحت مند رکھتی ہیں۔ توسیعی کمیونٹی وسیلہ جاتی سینٹر ایک ایسی اہم سرمایہ کاری ہے جس سے ٹرائے کے رہائشیوں کو آئندہ دہائیوں میں اہم خدمات فراہم ہوں گی۔"

اس پروجیکٹ کی معاونت نیویارک کے کمیونٹی ڈویلپمنٹ بلاک گرانٹ CARES ایکٹ کی وفاقی فنڈنگ کی تفویض کے ذریعے گریٹر کیپیٹل ریجن انکارپوریٹڈ کے لیے معاشی موقع کے کمیشن کو 5$ ملین کی رقم کی تفویض کے ذریعے کی گئی ہے۔ ریاست نیویارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید (Homes and Community Renewal) کی جانب سے CDBG-CARES پروگرام کا نظم کیا جا رہا ہے۔

CEO اندرون شہر ٹرائے میں 2328 فِفتھ ایوینیو پر واقع اپنی موجودہ سہولت گاہ میں اضافی تعمیر کے لیے اس فنڈنگ کا استعمال کرے گا۔ اس توسیع کے ذریعے تین ابتدائی بچپن کے کلاس رُومز کے لیے جگہ، کمیونٹی خدمات کی فراہمی کے لیے بیرونِ خانہ جگہ، اور کمیونٹی رُوم کی فراہمی کی جائے گی۔

یہ پروجیکٹ ان مسائل کے سدباب میں مدد دے گا جن کا COVID-19 کی وباء کے تمام عرصے کے دوران CEO کو سامنا رہا مثلاً سماجی فاصلہ بندی، بالمشافہ خدمات کی فراہمی، وینٹیلیشن، بیرونِ خانہ محفوظ جگہ، اور دور دراز کی کارروائیوں کے لیے مناسب ٹیکنالوجی۔

کمیونٹی ڈویلپمنٹ بلاک گرانٹ CARES ایکٹ کی وفاقی فنڈنگ 2020 میں ریاستوں کو تفویض کی گئی تاکہ ان کمیونٹی پروجیکٹس میں معاونت مل سکے جو وباء سے متعلقہ صحت و حفاظت کے مسائل میں مدد دیتے ہیں اور عوامی خدمات کو بہتر بناتے ہیں۔

**ریاست نیویارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "ٹرائے میں کمیونٹی وسیلہ جاتی سینٹر کی توسیع محفوظ اور صحت بخش ماحول کے اندر انتہائی درکار پروگرام کی فراہمی سے ہزاروں رہائشیوں کو مستفید کرے گی۔ وباء کے تمام عرصے کے دوران، پوری ریاست میں غیر منافع بخش اداروں اور میونسپلٹیز نے پیچیدہ عملیاتی مسائل اور خدمات کی طلب میں اضافے کا مقابلہ کیا ہے۔ ہماری جانب سے 5$ ملین

کی CDBG CARES تفویض کمیشن کو معاشی مواقع تک رسائی میں اضافہ کرنے اور ٹرائے کے لوگوں کو بااختیار بنانے کے ان کے مقصد کو بہتر انداز میں مکمل کرنے میں مدد دینے کے سلسلے میں طویل مدتی کردار ادا کرے گی۔"

**سینیٹر Chuck Schumer نے کہا،** "ٹرائے کے نوجوانوں کے لیے سرمایہ کاری دارالحکومتی علاقے کے مستقبل میں سرمایہ کاری کرنے کے مترادف ہے، اور میں کمیونٹی، اس کے خاندانوں، بزرگ افراد، اور بالخصوص ٹرائے کے بچوں کی ترقی کے لیے وفاقی فنڈنگ کی مد میں 5$ ملین کی رقم فراہم کرنے پر فخر محسوس کرتا ہوں۔ جب میں نے CARES ایکٹ کے حوالے سے تبادلۂ خیال کیا، تو طویل از میعاد سرمایہ کاریاں میرے مشاہدے میں آئیں - مثلاً کمیونٹی سینٹر کی یہ انتہائی ناگزیر توسیع- جو کہ میرے ذہن کی اوّلین ترجیح تھی۔ بالآخر اب ٹرائے کے پاس جدید ترین کمیونٹی اجتماعی مقام ہو گا، جس کا وہ عرصۂ دراز سے استحقاق رکھتا ہے۔"

**نمائندہ Paul Tonko کا کہنا تھا کہ،** "COVID کی وباء کے دوران، کانگریس نے ہماری معیشت کی ترقی اور ہمارے خاندانوں، چھوٹے کاروباری اداروں، اور کمیونٹیز کے لیے راہِ نجات کی فراہمی کی خاطر CARES ایکٹ کے فروغ پر تیزی سے کام کیا۔ مجھے اپنے دارالحکومتی علاقے کے لیے فنڈنگ کی فراہمی کا شدت سے انتظار ہے۔ یہ پروجیکٹ ابتدائی بچپن کی تدریس، بزرگ افراد کے لیے خدمات اور مزید امور میں معاونت کے ساتھ، ٹرائے ویل کے رہائشیوں کے لیے خدمات انجام دے گا۔ اس حوالے سے میں ایسی پالیسیوں میں پیش رفت جاری رکھنے کا خیرمقدم کرتا ہوں جن سے کمیونٹی کے احیاء کو فروغ ملے اور ہمارا خطہ ایک بہتر مقام بن سکے۔"

**ریاستی سینیٹر Neil Breslin نے کہا،** "معاشی موقع کے کمیونٹی وسیلہ جاتی سینٹر کے کمیشن میں توسیع سے ٹرائے کے لوگوں کو لاتعداد کمیونٹی مراعات حاصل ہوں گی۔ میں ابتدائی بچپن کے تعلیمی مواقع سمیت، نوجوانوں اور بزرگ افراد کے لیے ایسی اضافی پروگرامنگ کی توسیع کے سلسلے گورنر Hochul اور گھروں اور کمیونٹی کی تجدید دونوں کے عزم کا معترف ہوں جو اب ہماری پوری کمیونٹی کے اندر دستیاب ہو گی۔"

**رکن اسمبلی John T. McDonald III کا کہنا تھا کہ،** "معاشی موقع کا کمیشن افراد اور خاندانوں کو ایسے وسائل فراہم کرتا ہے جنہیں وہ اپنی زندگیوں کو بہتر بنانے اور غربت سے نجات پانے کے لیے بروئے کار لا سکتے ہیں۔ کمیونٹی سینٹر میں اس توسیع کے ذریعے CEO کو اپنی سہولت گاہوں اور پروگرام کی سروسز کو اپ گریڈ کرنے اور جدید طرز سے آراستہ کرنے میں بھی مدد ملے گی، جس سے ایسی نمایاں بہتریاں وجود میں آئیں گی جو بزرگ افراد سے لے کر چھوٹے بچوں تک ہر ایک کو متاثر کریں گی۔ گورنر Hochul اور گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی جانب سے ایسے پروجیکٹس میں سرمایہ کاری کو جاری رکھنے پر ان کا شکریہ، جن سے کمیونٹی کی نمایاں ترقی میں مددگار اہم پروگراموں اور خدمات میں اضافہ ہو گا۔"

**ٹرائے شہر کے میئر Patrick Madden نے کہا،** "ہم گورنر Hochul کی جانب سے اپنے نوجوان رہائشیوں کے لیے ایسی اہم سرمایہ کاری کرنے پر ان کے انتہائی شکرگزار ہیں۔ عالمی وباء کے باعث ہم سب ہی متاثر ہوئے ہیں - بلکہ سب سے زیادہ تو ہمارے نوجوان اس سے متاثر ہوئے، جو اہم تعلیمی اور معاشرتی تجربات سے محروم رہے۔ شہر کی جانب سے اس کمیونٹی سینٹر کے فروغ کے اقدام کے سلسلے میں CEO، نیز ان کے کام کی معاونت پر ریاست نیویارک کو بھی سراہا گیا ہے۔ یہ ہمارے مستقبل کے لیے ایک حقیقی سرمایہ کاری ہے۔"

**CEO، Katherine Maciol اور CEO کی صدر نے کہا،** "ہم اس عمارت سے اپنی کمیونٹی اور ٹرائے کے رہائشیوں کو ملنے والے امکان کے لیے انتہائی پُرجوش ہیں۔ یہ درونِ خانہ و بیرونِ خانہ مقام تربیتی عملوں، کلاسوں، خاندانی تعلیمی اقدامات، تقریبات، اور مزید بہت سے عوامل کی پیشکش کے ذریعے کمیونٹی کی اصلاحی ضروریات کو پورا کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔ اس سے ہُوسِک سٹریٹ راہداری کی جانب سے یہاں ایک انتہائی ضروری سروس کے مرکز کے قیام میں مدد ملے گی۔ عالمی وباء کے باعث ہماری کمیونٹیز مشکل حالات سے گزریں، تاہم یہ عمارت CEO اور ہمارے صارفین کے لیے دلچسپ مواقع کے ایک نئے دور کا آغاز کرے گی۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418